







# 14

# مالیاتی گوشوارے (تطبیق کے بغیر)

پچھلے اسباق میں آپ نے کھاتے کی مختلف بہیوں میں کاروباری لین دین درج کرنا اور خاص بہی یعنی لیجر میں انہیں چڑھانا سیکھا۔ آپ نے کھاتوں کو متوازن کرنے اور ٹرائل بیلنس کی تیاری بھی سیکھی۔ حساب داری کا ایک خاص مقصد ایک خاص حسابی مدت کے لیے کاروبار کا نفع ونقصان معلوم کرنا اور ایک مخصوص تاریخ کو اس کی مالی حیثیت بھی جاننا ہے۔

اس مقصد کے لیے سبھی کاروباری تنظیموں کے ذریعہ آمدنی گوشوارہ اور مالی حیثیت گوشوارہ تیار کیا جاتا ہے۔ آمدنی گوشوارے کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے جو درج ذیل ہیں:

(i) تجارتی (Trading) کھاتہ

(ii) نفع ونقصان کھاتہ

آمدنی گوشوارہ ایک مخصوص حسابی سال کے دوران کاروبار کی کمائیوں یا سال کے دوران ہوئے نقصان کو جاننے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ مالی حیثیت گوشوارے جس کو بیلنس شیٹ کے طور پر بھی جانا جاتا ہے کو ایک مخصوص تاریخ کو کاروبار کی مالی حیثیت جاننے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔

اس سبق میں آپ یہ جانیں گے کہ کس طرح مالیاتی گوشواروں کو ایک حسابی سال کے لیے منافع معلوم کرنے اور ایک مخصوص تاریخ کو اس کی مالی حیثیت جاننے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔



## مقاصد

اس سبق کو پڑھنے کے بعد آپ:

- مالیاتی گوشواروں کے معنی واضح کر سکیں گے؛



نوٹس

- مالیاتی گوشواروں کے مقاصد واضح کر سکیں گے؛
- مالیاتی گوشواروں کو تجارتی کھاتے، نفع و نقصان کھاتہ اور بیلنس شیٹ میں درجہ بند کر سکیں گے؛ اور
- تجارتی کھاتہ، نفع و نقصان کھاتہ اور بیلنس شیٹ تیار کر سکیں گے۔

## 14.1 مالیاتی گوشواروں کا مطلب

ایک طالب علم جس طرح سالانہ امتحان کے اپنے نتائج کے لیے بے صبری سے انتظار کرتا ہے اسی طرح ہر کاروباری بھی ایک مخصوص مالی سال کے لیے اپنے کاروبار کے نتیجے سے واقف ہونے کا بے صبری سے انتظار کرتا ہے۔ کاروباری ایک مخصوص تاریخ کو اپنے کاروبار کی مالی حیثیت کو بھی جاننا چاہتا ہے۔ یہ تاریخ عام طور پر مالی سال کی آخری تاریخ ہوتی ہے جس کے لیے کھاتوں کو تیار کیا جاتا ہے۔ کاروبار کا نتیجہ اور کاروبار کی مالی حیثیت جاننے کے لیے جو گوشوارے تیار کیے جاتے ہیں انہیں مالیاتی گوشوارے کہا جاتا ہے۔ مجموعی نفع/نقصان کا پتہ لگانے کے لیے جو گوشوارہ تیار کیا جاتا ہے اسے تجارتی (Trading) کھاتہ کہا جاتا ہے۔ خالص نفع معلوم کرنے کے لیے جو گوشوارہ تیار کیا جاتا ہے اسے نفع ونقصان کھاتہ کہا جاتا ہے۔ تجارتی اور نفع ونقصان کھاتے کو ایک ساتھ لیا جاتا ہے، اسے آمدنی گوشوارہ کہا جاتا ہے۔ کاروبار کی مالی حیثیت معلوم کرنے کے لیے جو گوشوارہ تیار کیا جاتا ہے اسے بیلنس شیٹ (تخت واصل باقی یا حیثیت گوشوارہ) کہا جاتا ہے۔

## 14.2 مالیاتی گوشواروں کے مقاصد

مالیاتی گوشواروں کو تیار کرنے کے مقاصد درج ذیل ہیں:

(i **کاروباری سرگرمیوں کا نتیجہ معلوم کرنا:** مالیاتی گوشواروں کو تیار کرنے کا ایک اہم مقصد آمدنی معلوم کرنا ہے۔ مالیاتی گوشوارے ایک مخصوص حسابی مدت یا سال کے دوران کمایے گئے منافع یا واقع نقصان کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں۔

(ii **کاروبار کی مالی حیثیت معلوم کرنا:** بیلنس شیٹ ایک خاص تاریخ کو کاروبار کی مالی حیثیت کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے۔



نوٹس

(iii **درست فیصلہ سازی:** مالیاتی گوشواروں کے ذریعہ فراہم کی گئی معلومات کی بنیاد پر کاروبار کے لیے فیصلہ سازی میں یہ مددگار ہوتے ہیں، مستقبل کے لیے بھی اس کے ذریعہ درست فیصلہ لیا جا سکتا ہے۔

(iv **مینجمنٹ کی کارکردگی کے بارے میں فیصلہ:** مالیاتی گوشوارے کاروباری ادارے کے مینجمنٹ کی کارکردگی اور وسائل کی افادیت کے بارے میں رائے قائم کرنے میں مددگار ہوتے ہیں۔

(v **کاروبار کی نقدی حیثیت کا پتہ کرنا:** مالیاتی گوشواروں کے ذریعہ نقدی حیثیت کا پتہ چلتا ہے جس سے کاروبار کو لین داروں، سپلائروں وغیرہ کو نقد کی ادائیگی کی منصوبہ بندی کرنے میں مدد ملتی ہے۔

## 14.3 مالیاتی گوشواروں کی درجہ بندی

ایک تنہا تاجر کے مالیاتی گوشوارے درج ذیل گوشواروں پر مشتمل ہوتے ہیں۔

I. آمدنی گوشوارہ

(i) تجارتی کھاتہ اور

(ii) نفع ونقصان کھاتہ

II. مالی حیثیت گوشوارہ یا بیلنس شیٹ

### آمدنی گوشوارہ

آمدنی گوشوارہ ایک مخصوص حسابی سال کے لیے کاروبار کا نفع یا نقصان دریافت کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ آمدنی گوشوارہ درج ذیل کھاتوں سے تیار کیا جاتا ہے۔

(a تجارتی کھاتہ اور

(b نفع ونقصان کھاتہ

(a **تجارتی کھاتہ:** تجارتی کھاتہ ایک حسابی سال کے دوران کاروباری سرگرمیوں سے کاروبار کے ذریعہ کمائے گئے مجموعی منافع یا مجموعی نقصان دریافت کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔
یہ کھاتہ T شکل میں تیار کیا جاتا ہے تجارتی کھاتہ کا پروفارما درج ذیل ہے



نوٹس

Dr. میسرز XYZ کا تجارتی کھاتہ Cr.

| تفصیلات | | رقم | تفصیلات | | رقم |
|---|---|---|---|---|---|
| To افتتاحی اسٹاک | | | By فروخت | | |
| To خریدار | | | (i) نقد فروخت | | |
| (i) نقد خریداری | ...... | | (ii) ادھار فروخت | ...... | |
| (ii) ادھار خریداری | ...... | | کل فروخت | ...... | |
| کل خریداری | ...... | | کم کریں فروخت واپسی | ...... | |
| کم کریں خرید واپس | | | خالص فروخت | | |
| خالص خریداری | | | | | |
| راست اخراجات: | | | By اختتامی اسٹاک | | |
| To اجرت | ...... | | مجموعی نقصان جو نفع ونقصان | | |
| | | | By | | |
| To داخلی بھاڑا | ...... | | کھاتے میں منتقل کیا گیا | | |
| To داخلی بار برداری (حمالی) | ...... | | (توازنی عدد) | | |
| To ایندھن اور بجلی | | | | | |
| To فیکٹری کرایہ | | | | | |
| مجموعی نفع جو نفع ونقصان کھاتے میں منتقل ہو (توازنی عدد) To | | | | | |

### مثال-1

میسرز لکشمی اینڈ سنز کی بہیوں سے لیے گیے درج ذیل بیلنس سے 31 مارچ 2012 کو ختم سال کے لیے ایک تجارتی کھاتہ تیار کیجیے۔



نوٹس



| تفصیلات | رقم (روپے) |
|---|---|
| افتتاحی اسٹاک | 6,500 |
| خریداریاں | 45,000 |
| فروخت | 72,000 |
| خرید واپسی | 500 |
| فروخت واپسی | 1,500 |
| حمالی | 1,200 |
| اجرتیں | 4,800 |
| ایندھن اور بجلی | 3,200 |
| اختتامی اسٹاک | 8,000 |

حل:

### میسرز لکشمی اینڈ سنز کا تجارتی کھاتہ
### 31 مارچ 2012 کو ختم سال کے لیے

Dr. Cr.

| تفصیلات | | رقم (روپے) | تفصیلات | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| To افتتاحی اسٹاک | | 6,500 | By فروخت 72,000 | |
| To خریداریاں | 45,000 | | کم کریں: واپسی 1,500 | 70,500 |
| کم کریں! واپسی | 500 | 44,50 | By اختتامی اسٹاک | 8,000 |
| To باربرداری | | 1,200 | | |
| To اجرتیں | | 4,800 | | |
| To ایندھن اور بجلی | | 3,200 | | |
| To مجموعی منافع جو نفع ونقصان کھاتے میں منتقل کیا گیا (توازنی عدد) | | 18,300 | | |
| | | **78,500** | | **78,500** |



نوٹس

**مثال-2**

میسرز بھانو بردرس کی بہیوں سے لیے گیے درج ذیل بیلنس سے 31مارچ 2012 کوختم سال کے لیے ایک تجارتی کھاتہ تیار کیجیے:

| رقم (روپے) | تفصیلات |
|---|---|
| 32,000 | افتتاحی اسٹاک جیسا کہ 1.4.2011 کو ہے۔ |
| 1,65,000 | خریداریاں |
| 4,000 | کرایہ |
| 6,500 | بجلی |
| 5,500 | کسٹم ڈیوٹی |
| 80,000 | فروخت |
| 30,000 | اختتامی اسٹاک (31مارچ2012) |

**حل:**

**میسرز بھانو بردرس کا تجارتی کھاتہ**

**Dr.** **31مارچ 2012 کوختم سال کے لیے** **Cr.**

| تفصیلات | روپے رقم | تفصیلات | روپے رقم |
|---|---|---|---|
| To افتتاحی اسٹاک | 32,000 | By فروخت | 80,000 |
| To خریداریاں | 1,65,000 | By اختتامی اسٹاک | 30,000 |
| To مال کرایہ | 4,000 | مجموعی نقصان جو نفع ونقصان کھاتے | |
| To بجلی | 6,500 | By میں منتقل کیا گیا (توازنی عدد) | |
| To کسٹم ڈیوٹی | 5,500 | | 1,03,000 |
| | **2,13,000** | | **2,13,000** |



نوٹس



## متن پر مبنی سوالات 14.1

### موزوں لفظ/الفاظ کے ساتھ خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

i. بار برداری............کھاتے میں ڈیبٹ کی جاتی ہے۔

ii. کل فروخت ـ فروخت واپسی = ............

iii. اجرتوں کو............کھاتے میں ڈیبٹ کیا جاتا ہے۔

iv. اختتامی اسٹاک کو تجارتی کھاتے کے............جانب دکھایا جاتا ہے۔

v. کل خریداریاں............خرید واپسی = ............

b) **نفع ونقصان کھاتہ:** تجارتی کھاتے تیار کرنے کے ذریعہ مجموعی نفع نقصان دریافت کرنے کے بعد نفع ونقصان کھاتہ حسابی سال کے دوران کاروبار کا خالص نفع/نقصان معلوم کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ یہ کھاتہ بھی T شکل میں تیار کیا جاتا ہے۔ نفع نقصان کھاتہ کا پروفارما درج ذیل ہے۔

**میسرز ABC کا نفع ونقصان کھاتہ**

**کو ختم سال کے لیے**

**Dr.** **Cr.**

| تفصیلات | رقم (روپے) | تفصیلات | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|
| تجارتی کاتے مجموعی نقصان منتقل کیا گیا To | | مجموعی نفع جو تجارتی کھاتے سے منتقل کیا گیا By | |
| تنخواہیں To | ...... | وصول کمیشن By | |
| آفس کرایہ To | ...... | لین داروں سے وصول ڈسکاؤنٹ By | |
| پرنٹنگ اینڈ اسٹیشنری To | ...... | وصول کرایہ By | |
| بیمہ قسط To | ...... | وصول سود By | ...... |
| سود ادا کیا گیا To | ...... | خالص نقصان جو پونجی کھاتے میں منتقل کیا گیا By | ...... |
| بیرونی کامال بھاڑا To | ...... | | ...... |



نوٹس

| | | | |
|---|---|---|---|
| To باربرداری | ...... | (توازنی عدد) | ...... |
| بیرونی گاہکوں کیلئے منظور ڈسکاؤنٹ To | ...... | | |
| To ڈاک خرچ | ...... | | |
| To ٹیلی فون چارجز | ...... | | |
| To آفس اخراجات | ...... | | |
| To فروخت اخراجات | ...... | | |
| خالص نفع جو پونجی کھاتے میں منتقل کیا گیا (توازنی عدد) To | | | |
| | ...... | | ...... |

### مثال-3

درج ذیل معلومات سے 31.03.2012 کو ختم سال کے لیے میسرز ساحل بردرس کا نفع ونقصان کھاتہ تیار کیجیے۔

| | روپے |
|---|---|
| مجموعی نفع | 97,000 |
| گاہکوں کو منظور ڈسکاؤنٹ | 2,000 |
| پرنٹنگ واسٹیشنری | 2,000 |
| آفس کرایہ | 5,000 |
| مرمت | 2,400 |
| بیمہ قسط | 5,100 |
| ٹیلی فون چارجز | 1,000 |
| لین داروں سے وصولی ڈسکاؤنٹ | 3,000 |
| سال کے دوران کمایا گیا سود | 5,000 |



نوٹس

حل:

## میسرز ساحل بردرس کا نفع ونقصان کھاتہ
## 31مارچ 2012 کو ختم سال کے لیے

**Dr.** **Cr.**

| تفصیلات | روپے | تفصیلات | روپے |
|---|---|---|---|
| گاہکوں کے لیے منظور ڈسکاؤنٹ To | 2,000 | مجموعی نفع جو تجارتی کھاتے سے منتقل کیا گیا By | 97,000 |
| پرنٹنگ واسٹیشنری To | 2,000 | | |
| آفس کرایہ To | 5,000 | لین داروں سے وصول ڈسکاؤنٹ By | 3,000 |
| مرمت To | 2,400 | سال کے دوران کمایا گیا سود By | 5,000 |
| بیمہ قسط To | 5,100 | | |
| ٹیلیفون چارجز To | 1,000 | | |
| خالص نفع جو پونجی کھاتے میں منتقل کیا To | 87,500 | | |
| (توازنی عدد) | 1,05,000 | | 1,05,000 |

### مثال-4

درج ذیل معلومات کی بنیاد پر 31.03.2012 کو ختم سال کے لیے سارتھک ٹریڈرس کا نفع ونقصان کھاتہ تیار کریں۔

| | روپے |
|---|---|
| مجموعی نفع | 43,000 |
| گاہکوں کو منظور ڈسکاؤنٹ | 7,000 |
| تنخواہیں | 45,000 |
| قرض پر ادا کیا گیا سود | 13,000 |
| ڈاک خرچ | 3400 |
| لین داروں سے وصول ڈسکاؤنٹ | 6,000 |
| وصول کمیشن | 1,000 |
| فروخت سے متعلق اخراجات | 10,000 |



نوٹس

حل:

**میسرز سارتھک ٹریڈرس کا نفع ونقصان کھاتہ**
**31 مارچ 2012 کو ختم سال کے لیے**

Dr. | | | Cr.

| تفصیلات | رقم (روپے) | تفصیلات | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|
| To گاہکوں کو منظور ڈسکاؤنٹ | 7,000 | By تجارتی کھاتے سے منتقل مجموعی منافع | 43,000 |
| To تنخواہیں | 45,000 | By لین داروں سے وصول ڈسکاؤنٹ | 6,000 |
| To قرض پر سود | 13,000 | By وصول کمیشن | 1,000 |
| To ڈاک خرچ | 2400 | By پونجی کھاتے میں منتقل خالص نقصان | 27,900 |
| To فروخت سے متعلق اخراجات | 10,000 | | |
| | 77,400 | | 77,400 |

## متن پر مبنی سوالات 14.2

**بتائیے کہ آیا درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط**

i. داخلی بار برداری نفع ونقصان کھاتے میں دکھائی جاتی ہے۔

ii. ٹیلی فون اخراجات تجارتی کھاتے میں دکھایا جاتا ہے۔

iii. بیرونی بار برداری نفع ونقصان کھاتے میں دکھائی جاتی ہے۔

iv. مجموعی منافع نفع ونقصان کھاتے سے تجارتی کھاتے میں منتقل کیا جاتا ہے۔

**تجارتی کھاتے اور نفع ونقصان کھاتے کے درمیان فرق**

تجارتی کھاتے اور نفع نقصان کھاتے کے درمیان فرق درج ذیل ہے



نوٹس



| نمبر شمار | تجارتی کھاتہ | نفع ونقصان کھاتہ |
|---|---|---|
| .1 | یہ کھاتہ ایک حسابی سال کے لیے مجموعی نفع یا مجموعی نقصان دکھاتا ہے۔ | یہ کھاتہ ایک حسابی سال کے لیے خاص نفع یا خالص نقصان دکھاتا ہے |
| .2 | کاروبار سے متعلق سبھی راست اخراجات اس کھاتے کے ڈیبٹ جانب دکھائے جاتے ہیں | کاروبار سے متعلق سبھی بالواسطہ اخراجات اس کھاتے کے ڈیبٹ جانب دکھائے جاتے ہیں |
| .3 | سبھی راست محصول یا آمدنی مدیں اس کھاتے کے کریڈٹ جانب دکھائی جاتی ہیں | سبھی غیر راست محصول مدیں اس کھاتے کے کریڈٹ جانب دکھائی جاتی ہیں |
| .4 | اس کھاتے کا بیلنس یعنی مجموعی نفع یا مجموعی نقصان نفع ونقصان کھاتے میں منتقل کیا جاتا ہے | اس کھاتے کا بیلنس یعنی خالص نفع یا خالص نقصان مالک کے پونجی کھاتے میں منتقل کیا جاتا ہے۔ |

## .II مالی حیثیت گوشوارہ یا بیلنس شیٹ

بیلنس شیٹ یا مالی حیثیت گوشوارہ ایک مخصوص تاریخ کو کسی کاروبار کی مالی حیثیت معلوم کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ عام طور پر اسے ایک حسابی سال کے آخری تاریخ میں تیار کیا جاتا ہے۔ یہ تجارتی کھاتہ اور نفع ونقصان کھاتہ کو تیار کرنے کے بعد تیار کیا جاتا ہے۔

بیلنس شیٹ کے دو جانب ہوتے ہیں۔ بائیں جانب کو واجبات جانب اور دائیں ہاتھ کی جانب کو اثاثہ جانب کے طور پر جانا جاتا ہے۔

واجبات کی جانب کو کاروبار کے واجبات دکھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اصطلاح واجبات میں کاروبار کے داخلی واجبات بیرونی واجبات شامل ہوتے ہیں۔ داخلی واجبات کا مطلب وہ رقم ہے جو کاروبار کے ذریعہ اس کے مالک کو واجب الادا ہوتی ہے جبکہ بیرونی واجبات سے مراد باہر والوں کو واجب الادا رقم ہے۔

داخلی اور بیرونی واجبات کی درجہ بندی

| داخلی واجبات | بیرونی واجبات |
|---|---|
| .a پونجی | .a لین دار |
| .b کاروبار کا منافع | .b بینک قرض اور دیگر قرض |
| .c کاروبار کے ریزرو | .c واجب الادا اخراجات |



نوٹس

اثاثہ جات کی جانب کاروبار کے اثاثے دکھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اصطلاح اثاثہ جات میں کاروبار کے قائم اثاثے اور رواں اثاثے شامل ہیں۔

اثاثوں کی درجہ بندی

| قائم اثاثہ جات | رواں اثاثہ جات |
|---|---|
| a. زمین وعمارت | a. موجود نقد |
| b. پلانٹ اور مشینری | b. بینک میں نقد |
| c. فرنیچر | c. اشیا کا اسٹاک (ذخیرہ) |
| d. موٹر گاڑیاں وغیرہ | d. دین دار وغیرہ |

## بیلنس شیٹ (تختہ واصل باقی) تیار کرنے کے مقاصد

بیلنس شیٹ درج ذیل مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے تیار کی جاتی ہے۔

(i) کاروبار کی مالی حیثیت معلوم کرنا

(ii) کاروبار کے داخلی واجبات یا بیرونی واجبات کی حیثیت معلوم کرنا تاکہ ان کی ادائیگی کے لیے وقت پر انتظام کیا جائے۔

(iii) قائم اثاثوں اور رواں اثاثوں کی حیثیت معلوم کرنا

(iv) موجودہ مالیاتی حیثیت کی بنیاد پر مستقبل کے لیے سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کرنا

## بیلنس شیٹ کا پروفارما

میسرز......کی بیلنس شیٹ بمطابق......

| واجبات | روپے | اثاثہ جات | روپے |
|---|---|---|---|
| بینک اوورڈرافٹ | ...... | نقد موجود | ...... |
| لین داران | ...... | نقد بینک میں | ...... |
| قرض/بینک کے قرض | ...... | دین داران | ...... |
| پونجی | | اسٹاک | ...... |
| جمع کریں: خاص نفع | | سرمایہ کاریاں | ...... |
| کم کریں: خالص نقصان | | فرنیچر | ...... |
| کم کریں حصولی رقم | | موٹر گاڑیاں | ...... |
| (Drawings) | | پلانٹ ومشینری | ...... |
| | | زمین وعمارت | ...... |
| | | | ...... |



نوٹس

### مثال-5

روشن لعل کے ذریعہ درج ذیل معلومات فراہم کی گئی ہیں، 31 مارچ 2012 کے مطابق مسٹر روشن لعل کی بیلنس شیٹ تیار کریں۔

| | روپے |
|---|---|
| پونجی | 50,000 |
| فرنیچر | 15,000 |
| دین داران | 25,000 |
| لین داران | 30,000 |
| پلانٹ و مشینری | 58,000 |
| سرمایہ کاریاں | 5,000 |
| نقد موجود | 1,000 |
| بینک میں نقد | 1,000 |
| اختتامی اسٹاک | 10,000 |
| بینک اوور ڈرافٹ | 8,000 |
| بینک کا قرض | 20,000 |
| خالص منافع | 10,000 |
| حصولی (ڈرائنگ) | 3,000 |

### حل

**مسٹر روشن لعل کی بیلنس شیٹ**

Dr. بمطابق 31 مارچ 2012 Cr.

| واجبات | روپے | اثاثہ جات | روپے |
|---|---|---|---|
| بینک اوور ڈرافٹ | 8,000 | نقد موجود | 1,000 |
| لین داران | 30,000 | نقد بینک میں | 1,000 |
| بینک قرض | 20,000 | دین داران | 25,000 |



نوٹس

| | | | |
|---|---|---|---|
| 10,000 | اسٹاک | | پونجی 50,000 |
| 5,000 | سرمایہ کاریاں | | جمع کریں: خالص نفع 10,000 |
| 15,000 | فرنیچر | | کم کریں: حصولی 60,000 |
| 58,000 | پلانٹ و مشینری | 57,000 | 3,000 |
| **1,15,000** | | **1,15,000** | |

### مثال-6

مسٹر اروِن کمار کے ذریعہ فراہم درج ذیل معلومات کی بنیاد پر 31 مارچ 2012 کے مطابق بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

| | روپے |
|---|---|
| لین داران | 30,000 |
| دین داران | 35,000 |
| نقد موجود | 24,000 |
| نقد بینک میں | 27,500 |
| اسٹاک | 22,500 |
| فرنیچر | 25,000 |
| قرض | 50,000 |
| پلانٹ و مشینری | 32,500 |
| زمین و عمارت | 57,000 |
| پونجی | 1,37,000 |
| خالص منافع | 12,000 |
| حصولی | 10,000 |



نوٹس

حل

## مسٹر ارون کمار کی بیلنس شیٹ

Dr. — بمطابق 31 مارچ 2012 — Cr.

| روپے | اثاثہ جات | روپے | واجبات |
|---|---|---|---|
| 24,000 | نقد موجود | 30,000 | لین داران |
| 27,000 | بینک میں نقد | 50,000 | قرض |
| 35,000 | دین داران | | پونجی 1,37,000 |
| 22,500 | اسٹاک | | جمع کریں: خالص منافع 12,000 |
| 25,000 | فرنیچر | | 1,49,000 |
| 32,500 | پلانٹ و مشینری | 1,39,000 | کم کریں: حصولی 10,000 |
| 52,000 | زمین و عمارت | | |
| **2,19,000** | | **2,19,000** | |

## متن پر مبنی سوالات 14.3

**I. خالی جگہوں کو پر کیجیے**

i. اثاثوں کو بیلنس شیٹ کے ...... جانب دکھایا جاتا ہے۔

ii. پونجی کو ...... واجبات جانب دکھایا جاتا ہے۔

iii. بیلنس شیٹ کے اثاثے کے اور واجبات کی جمع ہمیشہ ...... ہوتا ہے۔

iv. اسٹاک ...... اثاثے کی ایک مثال ہے۔

v. فرنیچر ...... اثاثے کی ایک مثال ہے۔



نوٹس

II. درج ذیل اثاثوں کی درجہ بندی قائم اثاثوں اور رواں اثاثے کے طور پر کیجیے۔

| اثاثہ جات | اثاثے کی قسم (قائم یا رواں) |
|---|---|
| i. دین داران | |
| ii. زمین وعمارت | |
| iii. پلانٹ ومشینری | |
| iv. بینک میں موجود | |
| v. موٹر گاڑی | |
| vi. نقد موجود | |

**مثال-7**

31.3.12 کو میسرز پون سیلز کے درج ذیل بیلنس سے تجارتی اور نفع ونقصان کھاتہ اور اس تاریخ کو بیلنس شیٹ تیار کیجیے۔

| تفصیلات | رقم (روپے) | تفصیلات | رقم روپے |
|---|---|---|---|
| حصولی | 8,000 | فروخت | 2,58,000 |
| پونجی | 48,000 | داخلی واپسی | 2,000 |
| متفرق لین داران | 80,000 | بیرونی واپسی | 2,200 |
| متفرق دین داران | 1,26,000 | آفس کی تنخواہیں | 18,000 |
| قابل وصول بل | 10,000 | مینوفیکچرنگ اجرتیں | 8,000 |
| افتتاحی اسٹاک | 90,000 | کمیشن | 9,000 |
| فکچر وفٹنگ | 13,000 | تجارتی اخراجات | 5,000 |
| نقد موجود | 2,000 | کرایہ | 4,400 |
| مشینری | 24,800 | وصول ڈسکاؤنٹ | 8,000 |
| بینک اوورڈرافٹ | 10,000 | واجب الادا بل | 14,000 |
| خریداریاں | 1,00,000 | | |

31.3.2012 کو اختتامی اسٹاک 1,04,000 روپے تھا۔



نوٹس

## حل

### میسرز پون کا تجارتی اور نفع ونقصان کھاتہ
### 31مارچ، 2012 کو ختم سال کے لی

Dr. Cr.

| تفصیلات | رقم | تفصیلات | رقم |
|---|---|---|---|
| To افتتاحی اسٹاک | 90,000 | By فروخت 2,58,00 | |
| To خریداریاں 1000, | | کم کریں: واپسی 2,000 | 2,56,000 |
| کم کریں: واپسی 2,200 | 97,800 | By اختتامی اسٹاک | 1,04,000 |
| To مینوفکچرنگ اجرتیں | 8,000 | | |
| To c\f مجموعی نفع | 1,64,200 | | |
| | **3,60,000** | | **3,60,000** |
| To آفس اخراجات | 18,000 | By b\f مجموعی نفع | 1,64,200 |
| To کمیشن | 9,000 | By وصول ڈسکاؤنٹ | 8,000 |
| To تجارتی اخراجات | 5,000 | | |
| To کرایہ | 4,400 | | |
| To c\f خالص نفع | 1,35,800 | | |
| | **1,72,200** | | **1,72,200** |

### بیلنس شیٹ
### بمطابق 31مارچ 2012

| واجبات | روپے | اثاثہ جات | روپے |
|---|---|---|---|
| واجب الادا بل | 14,000 | نقد موجود | 2,000 |
| متفرق لین دار | 80,000 | قابل وصول بل | 10,000 |
| بینک اوورڈرافٹ | 10,000 | متفرق دین داران | 1,26,000 |



نوٹس

| | | | |
|---|---|---|---|
| پونجی 48,000 | | اسٹاک | 1,04,000 |
| کم کریں: حصولی 8,000 | | فکچر اور فٹنگ | 13,000 |
| 40,000 | | | |
| جمع کریں: خالص منافع 1,35,800 | 1,75,800 | | |
| | **2,79,800** | | **2,79800** |

## متن پر مبنی سوالات 14.4

**I. بتایئے درج ذیل بیانات صحیح یا غلط ہیں۔**

i. بیلنس شیٹ پورے سال کے لیے کاروبار کی مالیاتی حیثیت دکھاتی ہے۔

ii. نفع ونقصان کھاتہ اور بیلنس شیٹ دونوں حیثیت بیانات ہیں۔

iii. بیلنس شیٹ کا اثاثہ جانب کاروبار کے قائم اثاثے دکھاتا ہے۔

iv. بیلنس شیٹ واجبات جانب داخلی اور بیرونی واجبات دونوں دکھاتا ہے۔

**II. کثیر انتخابی سوالات**

i. درج ذیل میں مالیاتی گوشوارہ میں کون سا کاروبار کے مجموعی منافع معلوم کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔

a) نفع ونقصان کھاتہ  b) تجاری کھاہ

c) بیلنس شیٹ  d) ان میں سے کوئی نہیں

ii. درج ذیل مالیاتی گوشوارے میں کون سا کاروبار کے اثاثہ جات اور واجبات کی حیثیت کا پتہ لگانے کے لیے تیار کیا جاتا ہے؟

a) بیلنس شیٹ  b) نفع ونقصان کھاتہ

c) تجارتی کھاتہ  d) درج بالا میں سے کوئی نہیں

iii. مجموعی نفع فرق ہے:

(a کل اثاثہ جات اور کل واجبات کے درمیان

(b فروخت اور کل اخراجات

(c فروخت اور بالواسطہ اخراجات

(d فروخت اور فروخت اشیا کی لاگت

iv. درج ذیل میں کون سا غیر راست اخراجات نہیں ہے

(a داخلی مال کرایہ (b منظور ڈسکاؤنٹ

(c اداشدہ کرایہ (d اداشدہ کمیشن

v. درج ذیل میں کون رواں اثاثہ ہے

(a زمین (b عمارت

(c بینک میں نقد (d مشینری

## آپ نے کیا سیکھا

- مالیاتی گوشوارے ایک مدت کے دوران کسی کاروباری ادارے کے ذریعہ کمایے گئے مجموعی منافع اور خالص منافع اور مخصوص تاریخ کو بالعموم مالی سال کی آخری تاریخ کو اس کے اثاثہ جات اور واجبات کی حیثیت کا پتہ لگانے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔
- تجارتی کھاتہ ایک مدت کے دوران کمائے گئے مجموعی منافع اور ہونے والے مجموعی نقصان کا پتہ لگانے اور نفع ونقصان کھاتہ ایک مدت کے ودران کاروبار کے ذریعہ کمائے گئے خالص منافع یا ہوئے خالص نقصان کومعلوم کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ تجارتی اور نفع ونقصان کھاتے کومجموعی طور پر آمدنی گوشوارہ کہا جاتا ہے۔
- بیلنس شیٹ ایک مخصوص تاریخ کو کاروبار کے اثاثہ جات اور واجبات کی حیثیت معلوم کرنے کے لیے تیار کی جاتی ہے۔ اسے مالی حیثیت گوشوارہ کہا جاتا ہے۔



نوٹس

- مالیاتی گوشوارہ، کاروباری سرگرمیوں کا نتیجہ جاننے، کاروبار کی مالی حیثیت معلوم کرنے، فیصلہ سازی میں مدد کرنے، منجمنٹ کی کارکردگی کے بارے میں رائے قائم کرنے، کاروبار کی نقد حیثیت وغیرہ۔

## اختتامی مشق

1. اصطلاح مالیاتی گوشوارے سے کیا مراد ہے؟
2. مالیاتی گوشوارے تیار کرنے کے مقاصد بیان کیجیے۔
3. بیلنس شیٹ تیار کرنے کے مقاصد بیان کیجیے۔
4. راست اخراجات اور بالواسطہ اخراجات کے درمیان فرق کیجیے۔
5. تجارتی کھاتہ اور نفع ونقصان کھاتہ کے درمیان فرق کیجیے۔
6. قائم اثاثوں اور رواں اثاثوں میں ہر ایک کی پانچ مثالیں دیجیے۔
7. داخلی واجبات اور بیرونی واجبات میں ہر ایک کی تین مثالیں دیجیے۔
8. 31 مارچ 2012 کو ختم سال کے لیے درج ذیل بیلنس کی بنیاد پر تجارتی کھاتہ تیار کیجیے۔

| روپے | تفصیلات | روپے | تفصیلات |
|---|---|---|---|
| 11,500 | خریداریاں | 6,000 | افتتاحی اسٹاک |
| 48,000 | فروخت | 500 | خرید واپسی |
| 500 | مال کرایہ اور چنگی | 600 | خرید واپسی |
| 2,500 | اجرتیں | 1,000 | خریداری پر بار برداری |
| 900 | درآمد ڈیوٹی | 600 | فیکٹری کی لائٹنگ |
| 3,000 | فروخت پر بار برداری | 1,200 | آفس کرایہ |
| | | 800 | کوئلہ، گیس اور پانی |





9. درج ذیل تفصیلات سے 31 مارچ 2012 کو ختم سال کے لیے نفع ونقصان کھاتہ تیار کیجیے۔

| روپے | تفصیلات | روپے | تفصیلات |
|---|---|---|---|
| 32,100 | مجموعی منافع | 800 | عام اخراجات |
| 900 | فروخت پر باربرداری | 100 | خیرات |
| 650 | آفس اخراجات | 175 | بجلی چارجز |
| 1,200 | بیمہ قسط | 180 | قانونی چارجز |
| 600 | ٹیلی فون اخراجات | 440 | اشتہار |
| 800 | سیلز ٹیکس | 870 | کمیشن |
| 700 | عمارت اخراجات | 800 | کرایہ |
| 750 | متفرق اخراجات | 700 | سرمایہ کاری پر سود |
| 1,090 | وصول ڈسکاؤنٹ | 700 | متفرق رسیدیں |
| 300 | سفر الاونس | 340 | بالواسطہ اخراجات |
| 270 | مرمت | 65 | پرنٹنگ اسٹیشنری |

10. گوپال ناتھ اینڈ سنز کے درج ذیل ٹرائل بیلنس سے 31 دسمبر 2012 کو ختم سال کے لیے نفع ونقصان کھاتہ اور اس تاریخ کو بیلنس شیٹ تیار کریں۔

| روپے | تفصیلات | روپے | تفصیلات |
|---|---|---|---|
| 1,200 | واجب الادا بل | 4,000 | افتتاحی اسٹاک |
| 300 | خرید واپسی | 12,000 | خریداریاں |
| 2,700 | متفرق لین دار | 1,170 | باربرداری |
| 20,000 | فروخت | 1,000 | اجرتیں |





| | | | |
|---|---|---|---|
| 30,000 | پونجی | 200 | فروخت واپسی |
| 120 | وصول کمیشن | 1,500 | حصولی |
| | | 250 | آفس اخراجات |
| | | 1,600 | تنخواہیں |
| | | 300 | ڈسکاؤنٹ |
| | | 1,200 | مرمت |
| | | 500 | اشتہار |
| | | 6,000 | متفرق دین دار |
| | | 12,000 | پلانٹ ومشینری |
| | | 10,000 | عمارت |
| | | 600 | نقد موجود |
| | | 2,000 | نقد بینک میں |
| 54,320 | | 54,320 | |

31دسمبر 2012 کو موجود اسٹاک کی قدر 6,000 روپے تھی۔

## متن پر مبنی سوالات کے جوابات

**14.1** (i) تجارتی کھاتہ

(ii) خالص فروخت

(iii) تجارتی کھاتہ

(iv) کریڈٹ جانب (v) خالص خریداری



نوٹس

**14.2** (i) غلط

(ii) غلط

(iii) صحیح

(iv) غلط

**14.3** **I.** (i) دائیں ہاتھ جانب

(ii) بیلنس شیٹ

(iii) مساوی

(iv) رواں

(v) قائم

**II.** (i) رواں

(ii) قائم

(iii) قائم

(iv) رواں

(v) قائم

(vi) رواں

**14.4** **I.** (i) غلط

(ii) غلط

(iii) غلط

(iv) صحیح



نوٹس

**.II** (i) b

(ii) a

(iii) d

(iv) a

(v) c



## اختتامی مشق کے جواب

.8 مجموعی نفع 24,100 روپے

.9 خالص منافع 24,450 روپے

.10 مجموعی نفع 7,930 روپے؛ خالص نفع 4,200 روپے؛ کل بیلنس شیٹ 36,600 روپے

## آپ کے لیے سرگرمی

- قریبی علاقے میں ایک چھوٹی کاروباری تنظیم کا دورہ کیجئے ان سے درخواست کیجئے کہ اپنے حتمی کھاتوں کو دکھانے کی درخواست کیجئے، محاسب کی مدد سے حتمی کھاتوں کے تیار کرنے کی تکنیک سیکھئے۔